آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمدپور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

منیجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز بدھ 28 اکتوبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 207

عوام کو پیٹرولیم ریلیف دینے کیلئے حکومت اور جماعت اسلامی کی مشترکہ کمیٹی تشکیل

جماعت اسلامی کے جذبے کی قدر کرتے ہیں وہ بھی عوامی ریلیف چاہتی ہے، وزیراعظم بھی ریلیف کیلئے کوشاں ہیں، پوری دنیا ہنگامی صورتحال کا سامنا کر رہی ہے، خطے میں کشیدگی کے باعث عالمی بحران پیدا ہوا، احسن اقبال اور رانا ثنا کی پریس کانفرنس



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے عوام کو پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف دینے کیلئے جماعت اسلامی کے ساتھ ملکر ایک کمیٹی تشکیل دی ہے، جو مشترکہ تجاویز تیار کرے گی۔ اسلام آباد میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال اور مشیر وزیراعظم رانا ثنا اللہ نے مشترکہ پریس کانفرنس کی۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی نے کہا کہ پوری دنیا ہنگامی صورتحال کا سامنا کر رہی ہے، خطے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کراچی میں بدترین لوڈشیڈنگ پر توجہ دلاؤ نوٹس پیش، معاملہ توانائی کی قائمہ کمیٹی کے سپرد

اسلام آباد (سی ایم لنکس) کراچی میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کے الیکٹرک کی جانب سے فیڈرز خرابیوں کو دور نہ کرنے سے متعلق امین الحق نے قومی اسمبلی میں توجہ دلاؤ نوٹس پیش کر دیا۔ قومی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر نے بہاول وکٹوریہ ہسپتال میں بچوں کے وارڈ کا دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر نے وارڈ میں زیر علاج بچوں کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاول پور سید حسن رضا نے کہا ہے کہ بچوں کے امراض کے سلسلے میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت عامہ کے نظام میں بہتری کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے بہاول وکٹوریہ ہسپتال میں بچوں

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب پولیس ضمانت خارج ہونے پر بھی ملزمان کو گرفتار نہیں کرتی، سپریم کورٹ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپریم کورٹ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کوئی مجرم چاہے اپنی ہی جماعت سے کیوں نہ ہو اسے نہیں چھوڑا جائے گا، مریم نواز

ڈرڈر کر حکومت نہیں ہوتی، اصول ایک اور سیدھا رکھیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا یونیورسٹی آف رسول منڈی بہاالدین میں ہونہار اسکالرشپ اور لیپ ٹاپ تقسیم کی تقریب سے خطاب



منڈی بہاالدین (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ کوئی مجرم چاہے اپنی ہی جماعت سے کیوں نہ ہو اسے نہیں چھوڑا جائے گا۔ یونیورسٹی آف رسول منڈی بہاالدین میں ہونہار اسکالرشپ اور لیپ ٹاپ تقسیم کی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وکلاء نظام انصاف پر عوامی اعتماد مضبوط بنانے میں کردار ادا کریں

عدالتی انفراسٹرکچر کی بہتری کے منصوبے بڑی حد تک مکمل ہیں، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 51 وکلاء پر مشتمل وفد کی چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی سے سپریم

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی حکومت کراچی میں دلچسپی نہیں لیتی: بلاول بھٹو زرداری

شہر میں وفاقی اور صوبائی ادارے مل کر کام کریں تو عوام کی خدمت کی جاسکتی ہے

کراچی (سی ایم لنکس) چیئرمین پاکستان

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم نے پیٹرولیم لیوی پر 10 دن مانگے ہیں لانگ مارچ نومبر کے وسط میں ہوگا، حافظ نعیم الرحمان

مذاکرات جاری رہیں گے مگر مارچ سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، سربراہ جماعت اسلامی کی وزیراعظم سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے وزیراعظم سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مارچ نومبر کے وسط میں ہوگا اور اب ہم اسے ملتوی نہیں کریں گے۔ وزیراعظم سے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان چین کی قیادت میں عالمی مصنوعی ذہانت تعاون تنظیم کا رکن بن گیا

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے منگل کو سینیٹ کو آگاہ کیا ہے کہ پاکستان چین کی قیادت میں قائم

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

قومی اسمبلی میں یوم سیاہ کشمیر پر بھارت کے خلاف مذمتی قرارداد منظور

قرارداد وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام اور چیئرمین کشمیر کمیٹی قاسم نون نے پیش کی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) قومی اسمبلی نے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان نے سلامتی کونسل میں ویٹو پاور کی توسیع کی مخالفت کر دی

پاکستانی مستقل مشن کے قونصلر گل قیصر سروانی نے کہا ہے کہ نئے مستقل ارکان کی شمولیت اور ویٹو کے استحقاق میں توسیع کی مخالفت کرتے ہیں، ویٹو پاور میں توسیع سے سلامتی کونسل میں عدم مساوات مزید گہری ہوگی، ویٹو پاور کا ناجائز استعمال اقوام متحدہ کی ساکھ کو نقصان پہنچاتا ہے



نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ویٹو پاور کی توسیع کی مخالفت کرتے ہوئے جامع، جمہوری اور منصفانہ اصلاحات پر زور دیا ہے۔ پاکستانی مستقل مشن کے قونصلر گل قیصر سروانی نے کہا ہے کہ نئے مستقل ارکان کی شمولیت اور ویٹو کے استحقاق میں توسیع کی مخالفت کرتے ہیں، ویٹو پاور میں توسیع سے سلامتی کونسل میں عدم مساوات مزید گہری ہو گی۔ گل قیصر سروانی نے کہا کہ پاکستان ویٹو پاور کے خاتمے یا اس کے استعمال پر سخت پابندیاں عائد کرنے کا حامی ہے، ویٹو پاور کا ناجائز استعمال اقوام متحدہ کی ساکھ کو نقصان پہنچاتا ہے۔ پاکستان نے ویٹو کے استعمال کے بعد اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں بحث کے انعقاد کی حمایت کا اعادہ بھی کیا۔ پاکستانی قونصلر نے زور دیا ہے کہ سلامتی کونسل میں منتخب ارکان کی تعداد، نمائندگی اور کردار بڑھایا جائے، سلامتی کونسل میں اصلاحات کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ صادق ماڈل گرلز ہائی سکول کا اچانک دورہ کیا

سکول میں تدریسی نظام، تعلیمی سرگرمیوں اور انتظامی امور کا جائزہ لیا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے گورنمنٹ صادق ماڈل گرلز ہائی سکول کا اچانک دورہ کیا اور سکول میں تدریسی نظام، تعلیمی سرگرمیوں اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور اور

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

200 سے ایک یونٹ بڑھ جانے پر 6 ماہ تک اضافی چارجز کا معاملہ ختم کرنے پر کام کر رہے ہیں، وزیر توانائی

200 سے کم یونٹ استعمال کرنے والوں کی تعداد 2 کروڑ تک پہنچ گئی ہے، 200 یونٹ سے نیچے تمام افراد کو ڈسکاؤنٹ دینا مناسب نہیں اویس لغاری



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پاور ڈویژن اویس لغاری نے کہا ہے کہ 200 سے ایک یونٹ بڑھ جانے پر 6 ماہ تک اضافی چارجز کا معاملہ ختم کرنے پر کام کر رہے ہیں۔ سینیٹ اجلاس میں بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیڈا ایکٹ کے تحت نائب تحصیلدار کے خلاف کارروائی شروع

مس نوشین اظہر، نائب تحصیلدار، کیخلاف اینٹی کرپشن قوانین کے تحت انکوائری شروع کر دی گئی

بہاول پور (پ ر) بورڈ آف ریونیو جنوبی پنجاب نے ریونیو ریکارڈ میں سنگین بے ضابطگیوں اور ایک خاتون کو اس کے قانونی وراثتی حق سے محروم کرنے کے معاملے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ نائب تحصیلدار کے خلاف کارروائی شروع کروادی ہے۔ ممبر سیکرٹری بورڈ آف ریونیو جنوبی پنجاب کی ہدایات اور انکوائری افسر کی رپورٹ کی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلامیہ یونیورسٹی میں نئے آنیوالے طلبہ وطالبات کیلئے ڈائریکٹوریٹ آف سٹوڈنٹ افیئرز کی جانب سے بغداد الجدید کیمپس میں گریٹنڈ استقبالیہ تقریب

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران پروواٹس چانسلر، ڈائریکٹر سٹوڈنٹ افیئرز نے ڈینز، پرنسپل افسران کے ہمراہ نئے داخل ہونیوالے طلبا وطالبات کو جامعہ میں خوش آمدید کہا



اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں نئے آنے والے طلبہ وطالبات کے لیے ڈائریکٹوریٹ آف سٹوڈنٹ افیئرز کی جانب سے بغداد الجدید کیمپس میں گریٹنڈ استقبالیہ تقریب منعقد کی گئی۔ اس موقع

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران پروواٹس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ بھٹی ڈائریکٹر سٹوڈنٹ افیئرز پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید، نئے آنے والے طلبہ وطالبات کے لیے استقبالیہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے ڈپٹی کمشنر آفس سے جنرل پوسٹ آفس تک ریلی نکالی گئی

ریلی کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز محمد زبیر اور اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی نے کی

بہاول پور (پ ر) یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ بہاولپور کے زیر اہتمام کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس سے جنرل پوسٹ آفس تک ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز محمد زبیر اور اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی اقراء مبین نے کی۔ ریلی میں ضلعی انتظامیہ کے افسران، پیرا فورس، سول

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان کا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں طلحیٰ جنگ کے دوران لاپتا ہونے والے افراد کی تلاش اور شناخت کے عمل کو تیز کرنے پر زور

اقوام متحدہ (سی ایم لنکس) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا ہے کہ 1990

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب کونسل آف دی آرٹس بہاولپور کے زیر اہتمام یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر تقریب

تقریب میں طلبہ وطالبات، اساتذہ اور سول سوسائٹی کے اراکین کی بڑی تعداد نے شرکت کی

بہاول پور (پ ر) پنجاب کونسل آف دی آرٹس بہاولپور کے زیر اہتمام یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر تقریب، تصویری نمائش اور ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور ان کے حق خودارادیت کے لیے آواز بلند کرنا تھا۔ تقریب میں طلبہ وطالبات، اساتذہ اور سول سوسائٹی کے اراکین کی بڑی تعداد نے شرکت

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد ہائیکورٹ کے حکم پر شہری کا نام پی سی ایل سے خارج

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد ہائیکورٹ کے حکم پر شہری کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ (پی سی ایل) سے نکال دیا گیا جس کے بعد

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، مقررین

گورنمنٹ صادق ایجرٹن کالج میں یوم سیاہ کشمیر کے سلسلے میں پروقار تقریب اور ریلی کا انعقاد کیا

بہاول پور (پ ر) گورنمنٹ صادق ایجرٹن گریجویٹ کالج بہاولپور میں یوم سیاہ کشمیر کے سلسلے میں پروقار تقریب اور ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں اساتذہ اور طلبہ نے کشمیری عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے بھارتی مظالم کی شدید مذمت کی۔ طلبہ نے اپنے خطاب میں مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی قابض افواج کی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ریلوے نے آؤٹ سورس ٹرینوں میں بھی رعایتیں دینا لازمی قرار دے دیا

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان ریلویز نے دیگر ٹرینوں کی طرح آؤٹ سورس ٹرینوں میں بھی رعایتیں دینا لازمی قرار دے دیا ہے۔ پاکستان

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

خیبر پختونخوا ہلدیاتی انتخابات کیس کا فیصلہ کل سنایا جائے گا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن کی جانب سے خیبر پختونخوا ہلدیاتی انتخابات کیس کا فیصلہ کل سنایا جائے گا۔ کمیشن نے آج فیصلہ محفوظ کیا

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران یوم سیاہ کشمیر کے سلسلے میں اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں منعقدہ ریلی کی قیادت کر رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر نے نواب سر صادق محمد خان عباسی ہسپتال کا اچانک دورہ کیا

ہسپتال میں دستیاب طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کہا ہے کہ صحت عامہ کی سہولیات میں بہتری اور عوام کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے نواب سر صادق محمد خان عباسی ہسپتال کا اچانک دورہ کیا اور ہسپتال میں دستیاب طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، ادویات

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر نے یونیورسٹی چوک اور ملحقہ علاقوں کا دورہ کیا

صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا، صفائی آپریشن کو مزید مؤثر بنانا بنایا جائے

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور نے کہا ہے کہ ستھرا پنجاب کے تحت بہاولپور شہر کو صاف ستھرا، خوبصورت اور شہریوں کے لیے صحت مند ماحول فراہم کرنے کے اقدامات جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے یونیورسٹی چوک اور ملحقہ علاقوں کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے یونیورسٹی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ صادق ایجرٹن کالج بہاولپور کا دورہ کیا

کالج میں صفائی ستھرائی، تعلیمی سہولیات اور ماحول کی بہتری کیلئے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاول پور سید حسن رضا نے کہا ہے کہ تعلیمی اداروں میں صاف ستھرا، سرسبز اور معیاری تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے گورنمنٹ صادق ایجرٹن کالج بہاولپور کا دورہ کیا اور کالج میں صفائی ستھرائی، تعلیمی سہولیات اور ماحول کی بہتری

بقیہ نمبر 32 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



آئی یو بی لٹریری اینڈ ڈیبیٹنگ سوسائٹی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے زیر اہتمام یوم سیاہ کشمیر کے حوالے سے تقریری مباحثوں کے شرکا کا گروپ فوٹو۔

وفاقی وزیر داخلہ کا کشمیر چوک انڈر پاس پراجیکٹ کا دورہ، تعمیراتی کام کا جائزہ لیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے علی الصبح کشمیر چوک انڈر پاس پراجیکٹ کا دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کی رفتار اور پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ وزارت داخلہ سے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کیلئے ناگزیر ہے

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ناگزیر ہے، عالمی برادری مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال کا نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ 27 اکتوبر کشمیری عوام کی تاریخ کا سیاہ دن ہے، اس روز

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور: گورنمنٹ صادق ایجرٹن گریجویٹ کالج کے طلبہ یوم سیاہ کشمیر کے سلسلے میں منعقدہ ریلی میں شریک ہیں۔

سی پیک کے پہلے مرحلے نے ہماری زمینوں کو جوڑا، عطاء اللہ تارڑ

اگلا مرحلہ ہمارے ذہنوں کو جوڑے گا، چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور مستقبل کی آواز ہوگا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور پاک چین دوستی کو نئی نسلوں تک منتقل کرنے، دونوں ممالک کے عوام کے درمیان باہمی اعتماد و ہم آہنگی کو فروغ دینے، میڈیا تعاون، حقائق پر مبنی معلومات کے تبادلے، تجارت و سرمایہ کاری، مشترکہ تحقیق اور ثقافتی روابط کو وسعت دینے میں اہم کردار ادا کرے گا، سی پیک کے پہلے مرحلے نے ہماری زمینوں کو جوڑا جبکہ اگلا مرحلہ ہمارے ذہنوں کو جوڑے گا، اگر سی پیک ہمارے مشترکہ مستقبل کا جسم ہے تو چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور اس کی آواز ہوگا، صدر شی جن پنگ نے ہمیں مشترکہ مستقبل کا وژن دیا، وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کو اس تک پہنچنے کے ذرائع فراہم کئے، نوجوانوں کے ہاتھوں میں لیپ ٹاپ ایک پاسپورٹ ہے اور سمارٹ فون ایک منڈی ہے، ڈیجیٹل دور میں رابطہ طاقت اور بیانیہ خودمختاری ہے، چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور چار بنیادی ستونوں میڈیا، تجارت و

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کا سالوں سے زیر التوا منصوبہ 10 روز میں مکمل

پشاور (سی ایم لنکس) خیبر پختونخوا کی نئی صوبائی حکومت نے پی ٹی آئی کا سالوں سے زیر التوا منصوبہ 10 روز میں مکمل کروا دیا۔ حکومتی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پے آرڈرز وصول کرنے کیلئے آنیوالے شہریوں کی سہولت کو ترجیح دی جائے

کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے کہا ہے کہ ''اپنا کھیت، اپنا روزگار'' کے تحت چولستان کے مستحق خاندانوں کو معاشی استحکام فراہم کرنے اور روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے ترقیاتی گرانٹس کی فراہمی کا عمل جاری ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے دفتر کا دورہ کیا اور ترقیاتی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا اپنا روزگار پروگرام کے تحت مستحق الاٹی چولستانیوں میں پے آرڈرز تقسیم کر رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے مینگو آرچرڈ پارک کا دورہ کیا

پارک میں صفائی ستھرائی، خوبصورتی، شجرکاری اور انتظامی امور کا جائزہ لیا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کہا ہے کہ شہریوں کو صاف ستھرے، سرسبز اور معیاری تفریحی مقامات کی فراہمی کے لیے اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے مینگو آرچرڈ پارک کا دورہ کیا اور پارک میں صفائی ستھرائی، خوبصورتی، شجرکاری اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر

بقیہ نمبر 33 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا گورنمنٹ صادق ایجرٹن گریجویٹ کالج کے دورے کے موقع سائنس لیبارٹری کا معائنہ کر رہے ہیں۔

اسلام آباد ماڈل جیل کی تعمیر مکمل، افتتاح کے بعد قیدیوں کو منتقل کیا جائیگا: محسن نقوی

اسلام آباد ماڈل جیل کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے اور اس کا جلد افتتاح کیا جائے گا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد ماڈل جیل کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے اور اس کا جلد افتتاح کیا جائے گا، جس کے بعد قیدیوں کو نئی جیل میں منتقل کرنے کا عمل شروع ہوگا۔ محسن نقوی نے اسلام آباد ماڈل جیل کا دورہ کیا اور اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ حکومت سنبھالتے ہی اسلام آباد میں جیل کی تعمیر کے منصوبے میں خصوصی دلچسپی لی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ اسلام آباد ماڈل جیل کا منصوبہ مکمل ہو گیا ہے اور اب اس کا جلد افتتاح کیا جائے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیسٹی سائیڈز نے زرعی زہروں کے نئے لائسنس کے اجرا، لائسنسوں کی تجدید، درخواستوں کی وصولی کا شیڈول جاری

بہاول پور (پ ر) ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ بہاولپور شاہد حسین نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت پنجاب کے شعبہ پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز نے زرعی زہروں کے نئے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا یونیورسٹی چوک اور ملحقہ علاقوں میں صفائی ستھرائی بارے ہدایات جاری کر رہے ہیں۔

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بقیہ نمبر 01

میں کشیدگی کے باعث عالمی بحران پیدا ہوا۔انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش سے تیل کی رسد متاثر ہو رہی ہے، تمام ملکوں میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے، ہر ملک اپنے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے وسائل جمع کر رہا ہے۔احسن اقبال نے کہا کہ ایسے حالات کسی بھی ملک کی معیشت کے لئے مشکلات پیدا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان خطے میں کشیدگی کے خاتمے کیلئے اپنا سفارتی کردار ادا کر رہا ہے، ہم خطے میں تنا کا خاتمہ چاہتے ہیں تا کہ تیل کی قیمتیں کم ہوں۔انہوں نے کہا کہ ملک کے دستیاب وسائل کے مطابق عوام کی ہرممکن مدد کی جا رہی ہے، وزیراعظم کی فیول ریلیف اسکیم سے لاکھوں لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔ احسن اقبال نے بتایا کہ جماعت اسلامی کے وفد نے اپنی تجاویز دی ہیں جبکہ حکومت اور جماعت اسلامی کے ارکان پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 02

کے وارڈ کا دورہ کیا اور زیر علاج بچوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج معالجے اور ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے وارڈ میں زیرِ علاج بچوں کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔انہوں نے بچوں کے والدین سے ملاقات کر کے علاج معالجے کی سہولیات، ادویات کی فراہمی اور ہسپتال میں دستیاب طبی خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے بچوں کے وارڈ میں صفائی ستھرائی، طبی ماحول اور انتظامی امور کا بھی معائنہ کیا۔انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ بچوں کے علاج معالجے پر خصوصی توجہ دی جائے اور انہیں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے ضروری ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو بروقت ادویات فراہم کرنے پر بھی زور دیا۔ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے ڈاکٹرز اور طبی عملے کو ہدایت کی کہ بچوں کی دیکھ بھال اور علاج معالجے میں کوئی غفلت نہ برتی جائے اور مریضوں کے والدین و لواحقین کے ساتھ خوش اخلاقی اور تعاون کا مظاہرہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اور علاج معالجے کے نظام میں مزید بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں تا کہ مریض بچوں اور ان کے اہل خانہ کو بہتر طبی خدمات میسر آ سکیں۔

بقیہ نمبر 03

نے ضمانت خارج ہونے والے ملزم کی عدم گرفتاری پر پنجاب پولیس پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔سپریم کورٹ میں چیک باؤنس کیس کے ملزم کی درخواست ضمانت پر سماعت کے دوران جسٹس ملک شہزاد نے ریمارکس دیے کہ اس مقدمے میں ٹرائل کورٹ اور ہائیکورٹ ملزم کی ضمانت مسترد کر چکی ہیں، اس کے باوجود ملزم کو گرفتار کیوں نہیں کیا گیا؟ ملزم بغیر ضمانت کے سپریم کورٹ پہنچ گیا ہے۔جسٹس ملک شہزاد نے پنجاب پولیس کے اہلکار سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی ایسی کارکردگی پر تو آئی جی بنانے کی سفارش کرنی چاہیئے۔اس موقع پر جسٹس شکیل احمد نے ریمارکس دیے کہ پنجاب پولیس میں یہ معمول بن چکا ہے کہ ملزم کی ضمانت خارج ہونے کے باوجود اسے گرفتار نہیں کیا جاتا، قتل جیسے مقدمات میں بھی ضمانت مسترد ہونے پر ملزمان کی گرفتاری نہیں ڈالی جاتی۔جسٹس ملک شہزاد نے ملزم کے وکیل سے استفسار کیا کہ آپ خود کیس واپس لیں گے یا عدالت میرٹ پر درخواست خارج کرے؟۔ بعدازاں ملزم کے وکیل نے درخواست ضمانت واپس لے لی، عدالت نے ملزم کے پولیس کے سامنے سرنڈر کرنے کی بنیاد پر درخواست ضمانت نمٹادی۔

بقیہ نمبر 04

تقریب سے خطاب میں مریم نواز نے کہا کہ ڈر ڈر کر حکومت نہیں ہوتی، اصول ایک اور سیدھا رکھیں۔انہوں نے کہا کہ بائیک سوار خاتون پر تشدد کے واقعے میں بچی سے کہا کہ جتنے تھپڑ اس شخص نے تمہیں مارے، اتنے ہی تم مارو، پیٹرول پمپ پر تشدد کے واقعے پر بھی یہی مقف اپنایا تھا۔مریم نواز کا کہنا تھا کہ پنجاب میں سفارش کا زمانہ چلا گیا، کوئی مجرم چاہے اپنی ہی جماعت سے کیوں نہ ہوا سے نہیں چھوڑا جائیگا اور ظالم کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہو، قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیگا، پنجاب اب مظلوم کے ساتھ کھڑا ہوتا ہے، کسی غریب کی عزت پر سمجھوتا قبول نہیں، جرائم کرنے والے اگلے ہی دن ضمانت لے آتے ہیں، ضرورت پڑی تو چیف جسٹس پاکستان اور چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سے بھی ملوں گی۔اس موقع پر مریم نواز نے طالبات کو الیکٹرک بائیک اور اسکوٹیز دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ میرا بس نہیں چلتا چاند ستارے لاکر آپ کو دے دوں۔

بقیہ نمبر 05

اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر سید غلام مصطفیٰ شاہ کی صدارت میں منعقد ہوا، ایم کیو ایم پاکستان کے رکن سید امین الحق نے کراچی میں جاری بدترین لوڈشیڈنگ پر ایوان میں توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کے الیکٹرک کا شماران کمپنیوں میں ہوتا جسے عوام میں نفرت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، کے الیکٹرک ایک مافیا کے طور پر کام کر رہا ہے۔امین الحق نے کہا کہ کے الیکٹرک اوور بلنگ کر کے اربوں روپے کما رہی ہے، اتنا کمانے کے بعد کراچی کی جنریشن کے لیے کتنا کیا ہے؟ رات کو بھی لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے، کے الیکٹرک کراچی کیلئے کیا کر رہی ہے؟۔ پارلیمانی سیکرٹری عامر طلال خان نے توجہ دلاؤ نوٹس پر جواب میں کہا کہ یہ لوڈشیڈنگ مجبوراً کرنی پڑتی ہے، بعض دفعہ یہ ہوتا ہے کہ کوئی مرمتی کام ہوتا ہے تو اس وجہ سے شاید اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیپرا رول کے مطابق رات کے اوقات میں لوڈشیڈنگ نہیں ہونی چاہیے، ایسا کچھ ہے تو اس کو ہم ضرور دیکھیں گے۔انڈسٹریل فیڈرز پر کسی قسم کی لوڈشیڈنگ نہیں ہے۔ ڈپٹی اسپیکر نے معاملہ توانائی کی قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا۔دریں اثنا ایوان نے 27 اکتوبر یوم سیاہ پر کشمری عوام سے اظہار یکجہتی کی قرارداد منظور کرلی، قرارداد وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام اور چیئرمین کشمیر کمیٹی قاسم نون نے پیش کی۔وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بھارت تقریباً گزشتہ 80 سال سے کشمیری عوام پر ظلم کر رہا ہے، ہزاروں افراد کو اب تک شہید کیا جا چکا ہے، تقریباً 7 ہزار کشمیریوں کو جیل میں شہید کیا گیا، کشمیری اپنے موقف پر ڈٹے ہوئے ہیں اور ایک انچ پیچھے نہیں ہٹے۔امیر مقام نے کہا کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر پر غیر قانونی قبضہ کر رکھا ہے، آج اسلام آباد میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کی تقریب میں ہزاروں کی تعداد میں سول سوسائٹی اور طلباء نے شرکت کی۔پی ٹی آئی کی رکن شاندانہ گلزار نے انسداد زنا بالجبر تفتیش اور سماعت مقدمہ بل 2024 منظوری کے لیے قومی اسمبلی میں پیش کیا۔وزیر قانون نے بل کی مخالفت کر دی، انکا کہنا تھا کہ نیشنل پولیس بیورو میں نظام پہلے سے موجود ہے، زنا بالجبر سے متعلق تمام کیسز کا ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم موجود ہے، بل کو مزید غور وخوض کیلئے قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔قومی اسمبلی میں مختلف ترمیمی بلز منظوری کیلئے پیش کیے گئے جن میں سے کئی بلز کی ایوان نے منظوری دے دی جبکہ بعض بلز قائمہ کمیٹی کو بھیج دیے گئے، اجلاس کل صبح گیارہ بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 06

کورٹ میں ملاقات کی، جس میں وفد فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کے مسلسل قانونی تعلیم کے تربیتی پروگرام میں شریک ہوئے۔ بلوچستان بار کونسل کی جانب سے صوبے کی مختلف بار ایسوسی ایشنز سے 51 وکلاء کو تربیتی پروگرام کے لیے نامزد کیا گیا ہے، وفد میں کوئٹہ، تربت، خضدار، پشین، ژوب، چمن، قلات، سبی اور بلوچستان کے دیگر اضلاع کے وکلاء شامل تھے۔ چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آ؟ فریدی نے بلوچستان کے وکلاء کا خیر مقدم کیا اور پیشہ ورانہ تربیت کے لیے فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وکلاء کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے کے لیے مسلسل قانونی تعلیم بنیادی اہمیت رکھتی ہے، تاہم وکلاء پیشہ ورانہ مہارت میں اضافے کے لیے مسلسل علم حاصل کریں اور اعلیٰ اخلاقی معیارات کی پاسداری کریں۔ان کا کہنا تھا کہ تربیت کے دوران حاصل کردہ علم کو مؤثر قانونی پریکٹس میں بروئے کار لایا جائے، تربیتی پروگرام کے شرکاء فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی اور پاکستان کی عدلیہ کے سفیر ہیں، تربیت حاصل کرنے والے وکلاء اپنا علم اور تجربہ دیگر وکلاء تک منتقل کریں۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے کہا کہ وکلاء نظام انصاف پر عوامی اعتماد مضبوط بنانے میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں، چیف جسٹس آف پاکستان نے وفد کو ملک بھر میں عدالتی انفراسٹرکچر کی بہتری کے اقدامات سے آگاہ کیا، انصاف تک رسائی ترقیاتی فنڈ کے تحت ملک بھر کے عدالتی کمپلیکسز اور بار رومز میں بنیادی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ عدالتی کمپلیکسز اور بار رومز میں سولرائزیشن، انٹرنیٹ سے منسلک ای لائبریریز اور پینے کے صاف پانی کی سہولیات فراہم کی گئیں ہیں، خواتین کے لیے مخصوص سہولیات کی فراہمی بھی اصلاحاتی اقدامات کا حصہ ہے۔ چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی کا کہنا تھا کہ عدالتی انفراسٹرکچر کی بہتری کے منصوبے بڑی حد تک مکمل ہیں، صرف 6 عدالتی کمپلیکسز میں تکنیکی مسائل کے باعث کام باقی ہے، وکلاء فراہم کردہ جدید سہولیات سے بھرپور استفادہ کریں، تاہم وکلاء پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے کے لیے فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کے آن لائن تربیتی پروگرامز سے فائدہ اٹھائیں۔انہوں نے کہا کہ وکلاء اپنی پیشہ ورانہ مہارت بہتر بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کریں، مشکل حالات میں بھی عدالتوں کا فعال رہنا اور انصاف کی فراہمی جاری رکھنا عدالتی اداروں کی مضبوطی کا مظہر ہے۔چیف جسٹس آف پاکستان نے قانون کی حکمرانی کے لیے جوڈیشل افسران اور وکلاء کی ثابت قدمی اور خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ نظام انصاف کی مضبوطی کے لیے وکلاء کی مسلسل تربیت، پیشہ ورانہ اخلاقیات اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال اہم ہے۔

بقیہ نمبر 07

پیپلز پارٹی (پی پی پی) بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کو کراچی پر توجہ دینی چاہیے، وفاقی حکومت شہر میں دلچسپی نہیں لیتی۔شہر میں وفاقی اور صوبائی ادارے مل کر کام کریں تو عوام کی خدمت کی جاسکتی ہے۔لیاری میں آئی اسپنر اسپتال میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت کے نمائندے کراچی میں دلچسپی لیتے نہیں اور شہر میں نفرت پھیلانے میں لگے ہیں۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت آئی اسپنر اسپتال کو فعال کیا گیا ہے، جہاں آنکھوں کے امراض کا علاج مفت کیا جائے گا۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اسپنر آئی اسپتال میں مفت علاج کروانے آئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اسپتالوں میں مہنگا علاج ہونے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ حکومت کا فرض ہے کہ عوام کے لیے آسانیاں پیدا کرے۔ ملک میں مہنگائی اور بیروزگاری عروج پر ہے اور سندھ حکومت کی کوشش ہے کہ عوام کے معاشی بوجھ کو کم کر سکے۔بجلی کے بلوں کے حوالے سے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ بل اتنے بڑھ چکے ہیں کہ عوام کو ادائیگی میں مشکلات ہیں۔ سوچ رہا تھا کاش ہم پورے لیاری کو شمسی توانائی پر منتقل کر سکتے، سندھ حکومت کوشش کر رہی ہے کہ لیاری کے عوام کو شمسی توانائی فراہم کرے۔صوبے کے معاملے پر گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کا موقف واضح ہے اور بار بار سامنے آیا ہے۔سندھ کے عوام اور منتخب نمائندوں نے اپنا فیصلہ سنا دیا ہے اور سندھ کے عوام ہی سندھ کی قسمت کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ 28 ویں ترمیم کے بارے میں ہمیں کسی نے کچھ نہیں بتایا۔اس موقع پر میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کا کہنا تھا کہ لیاری میں اسپنر آئی اسپتال مکمل طور پر شمسی توانائی پر چل رہا ہے۔ اسپنر آئی اسپتال شہر کا تاریخی ورثہ تھا۔ بلدیاتی اداروں کی طرح یہ اسپتال بھی تنزلی کا شکار ہوا۔ میئر کراچی نے کہا کہ ہمیں جب موقع ملا تو ہم نے پبلک پرائیوٹ پارٹنر شپ کے تحت اسے دوبارہ شروع کیا۔آنکھوں کے امراض کا مفت علاج کیا جا رہا ہے، ہفتہ وار سرجری بھی کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 08

27 اکتوبر یوم سیاہ پر کشمری عوام سے اظہار یکجہتی کی قرارداد منظور کرلی، قرارداد وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام اور چیئرمین کشمیر کمیٹی قاسم نون نے پیش کی۔قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر سید غلام مصطفیٰ شاہ کی صدارت میں منعقد ہوا، ایم کیو ایم پاکستان کے رکن سید امین الحق نے کراچی میں جاری بدترین لوڈشیڈنگ پر ایوان میں توجہ دلاؤ؟ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ کے الیکٹرک کا شماران کمپنیوں میں ہوتا جسے عوام میں نفرت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، کے الیکٹرک ایک مافیا کے طور پر کام کر رہا ہے۔امین الحق نے کہا کہ کے الیکٹرک اوور بلنگ کر کے اربوں روپے کما رہی ہے، اتنا کمانے کے بعد کراچی کی جنریشن کے لیے کتنا کیا ہے؟ رات کو بھی لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے، کے الیکٹرک کراچی کیلئے کیا کر رہی ہے؟ پارلیمانی سیکرٹری عامر طلال خان نے توجہ دلاؤ نوٹس پر جواب میں کہا کہ یہ لوڈشیڈنگ مجبوراً کرنی پڑتی ہے، بعض دفعہ یہ ہوتا ہے کہ کوئی مرمتی کام ہوتا ہے تو اس وجہ سے شاید اضافہ ہوتا ہے، نیپرا رول کے مطابق رات کے اوقات میں لوڈشیڈنگ نہیں ہونی چاہئے، ایسا کچھ ہے تو اس کو۔ہم ضرور دیکھیں گے۔ انڈسٹریل فیڈرز پر کسی قسم کی لوڈشیڈنگ نہی ہے۔ڈپٹی اسپیکر نے معاملہ توانائی کی قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا۔اس کے علاوہ وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بھارت تقریباً گزشتہ 80 سال سے کشمیری عوام پر ظلم کر رہا ہے، ہزاروں افراد کو اب تک شہید کیا جا چکا ہے، تقریباً 7 ہزار کشمیریوں کو جیل میں شہید کیا گیا، کشمیری اپنے موقف پر ڈٹے ہوئے ہیں اور ایک انچ پیچھے نہیں ہٹے۔امیر مقام نے کہا کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر پر غیر قانونی قبضہ کر رکھا ہے، آج اسلام آباد میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کی تقریب میں ہزاروں کی تعداد میں سول سوسائٹی اور طلباء نے شرکت کی۔پی ٹی آئی کی رکن شاندانہ گلزار نے انسداد زنا بالجبر تفتیش اور سماعت مقدمہ بل 2024 منظوری کے لیے قومی اسمبلی میں پیش کیا۔وزیر قانون نے بل کی مخالفت کر دی اور کہا کہ نیشنل پولیس بیورو میں نظام پہلے سے موجود ہے، زنا بالجبر سے متعلق تمام کیسز کا ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم موجود ہے، بل کو مزید غور وخوض کیلئے قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 09

ملاقات کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم نے کہا کہ اسلام آباد مارچ سے ہم دست بردار نہیں ہوئے اگر حکومت نے مطالبات نہ مانے تو پھر نومبر کے وسط میں دارالحکومت کی جانب مارچ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ حکومت پیٹرولیم لیوی کو مرحلہ وار ختم کرنے کی بات کر رہی ہے جبکہ ہم پیٹرولیم پر عائد لیوی کا فوری خاتمہ چاہتے ہیں جس سے حکومت ماہانہ 150 ارب روپے کما رہی ہے۔حافظ نعیم نے کہا کہ جماعت اسلامی کا موقف واضح اور دوٹوک ہے کہ لیوی ختم ہونی چاہیے، لیوی کا خاتمہ ہوگا تو جماعت اسلامی سے جو ممکن ہو سکا کرے گی۔انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم نے کہا کہ ہمیں 7 سے 10 دن مزید دے دیں جبکہ عوام مہنگائی کے ہاتھوں تنگ ہیں۔حافظ نعیم کا کہنا تھا کہ ہم نے طویل دھرنے دیے، آج کی ملاقات میں اپنے مطالبات کو وزیراعظم کے سامنے رکھے اور واضح کردیا کہ ہماری نظر میں پیٹرولیم لیوی بھتہ ہے۔قبل ازیں وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کے لیے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان وفد کے ہمراہ وزیر اعظم ہاس پہنچے۔ جماعت اسلامی کے وفد میں نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ، ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ اور امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا شامل تھے۔حکومتی وفد میں وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، سینیٹر رانا ثنا اللہ، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی شامل تھے۔ملاقات میں پیٹرولیم لیوی کے خاتمے سمیت مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا جس کے بعد امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ریلیف کیلئے مذاکرات جاری رہیں گے مگر پیٹرولیم لیوی کے خاتمے تک مارچ سے دست بردار نہیں ہوں گے۔ واضح رہے کہ جماعت اسلامی کی تکنیکی کمیٹی پہلے ہی حکومت کو پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی ٹیکس ختم کرنے کی تجویز دے چکی ہے۔واضح رہے کہ جماعت اسلامی نے پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی کے خلاف لانگ مارچ کا اعلان کیا تھا، تاہم وزیراعظم کی جانب سے رابطے اور ملاقات کی دعوت کے بعد مارچ مخر کر دیا گیا تھا۔اب مجوزہ ملاقات میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ریلیف اور لیوی کے معاملے پر حکومت کے ممکنہ اقدامات کا جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 10

ہونے والی عالمی مصنوعی ذہانت تعاون تنظیم (ورلڈ اے آئی کوآپریشن آرگنائزیشن۔(WACO) میں شامل ہو گیا ہے، جس کا مقصد مصنوعی ذہانت کے شعبے میں شفافیت، کشادگی اور بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینا ہے۔سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ تنظیم میں تقریباً 50 ارکان شامل ہو چکے ہیں جبکہ پاکستان نے بھی اس کی تاسیسی دستاویز پر دستخط کر دیے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تنظیم کا صدر دفتر چین کے شہر شنگھائی میں قائم ہوگا اور اس کے پہلے کونسل اجلاس کا انعقاد دسمبر کے وسط میں متوقع ہے۔دریں اثنا، وقفہ سوالات کے دوران ایک سوال کے جواب میں وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے بتایا کہ حکومت قومی مصنوعی ذہانت پالیسی پر عمل درآمد کے لیے نیشنل اے آئی ایڈوانسمنٹ انیشی ایٹو اور وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن کے ذریعے اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تربیت اور استعداد کار بڑھانے کے پروگرام جاری ہیں، جبکہ وظائف سے متعلق مزید تفصیلات متعلقہ سٹیک ہولڈرز کو فراہم کر دی جائیں گی۔مصنوعی ذہانت اور سوشل میڈیا کے حوالے سے ایک اور سوال کے جواب میں ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجی دنیا بھر میں تیزی سے پھیل رہی ہے اور پاکستان اس سے الگ تھلگ نہیں رہ سکتا۔انہوں نے مصنوعی ذہانت کے ممکنہ منفی اثرات کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اس ٹیکنالوجی کے غلط استعمال، جعلی خبروں، پروپیگنڈے، دھوکہ دہی اور بلیک میلنگ کی روک تھام کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ سائبر جرائم سے متعلق بڑھتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے اور قانونی کارروائی کے لیے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے سابق سائبر کرائم ونگ کی جگہ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) قائم کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 11

طالبات سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں معیاری تعلیم کی فراہمی، تدریسی نظام میں بہتری اور طالبات کے لیے سازگار تعلیمی ماحول یقینی بنانے کے اقدامات جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کلاس روم میں طالبات کو پڑھایا اور مختلف سوالات کرکے ان کی تعلیمی قابلیت جانچی۔ انہوں نے اساتذہ کو ہدایت کی کہ طالبات کی تعلیمی ضروریات پر خصوصی توجہ دی جائے اور تدریسی عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے تا کہ بہتر تعلیمی نتائج حاصل کیے جاسکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ادارے میں نظم وضبط برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنایا جائے انہوں نے کلاس رومز، راہداریوں، برآمدوں اور سکول کے دیگر حصوں میں صفائی ستھرائی کا معیار ہر صورت برقرار رکھنے پر زور دیا اور طالبات کے لیے صاف ستھرا، محفوظ اور خوشگوار تعلیمی ماحول یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے واضح کیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں تدریسی معیار، صفائی ستھرائی اور نظم وضبط پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے سکول انتظامیہ اور اساتذہ پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں۔

بقیہ نمبر 12

روشنی میں کمشنر نے متعلقہ افسر کے خلاف پنجاب ایمپلائز ایفیشنسی، ڈسپلن اینڈ اکاؤنٹیبلٹی ایکٹ (PEEDA) کے تحت محکمانہ کارروائی کا آغاز کر دیا ہے، جبکہ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن بہاولپور نے بھی مس نوشین اظہر، نائب تحصیلدار، کے خلاف اینٹی کرپشن قوانین کے تحت انکوائری شروع کر دی ہے۔انکوائری رپورٹ کے مطابق ضلع رحیم یار خان کی تحصیل صادق آباد سے تعلق رکھنے والی شازیہ مختار نے شکایت کی تھی کہ ان کے والد محمد علی کی وفات کے بعد انہیں ان کے قانونی وراثتی حصے سے محروم کر دیا گیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ متنازعہ انتقال نمبر 4371 مورخہ 25-04-29 کو درج کیا گیا، تاہم اسے ایک سال سے زائد عرصے تک زیر التوا رکھنے کے بعد 26-06-05 کو منظور کیا گیا، حالانکہ متعلقہ مالک محمد علی 25-08-04 کو وفات پا چکے تھے۔انکوائری افسر نے دستیاب ریکارڈ اور فریقین کے موقف کا جائزہ لینے کے بعد قرار دیا کہ مالک کی وفات کے بعد مبینہ زبانی ہبہ کی بنیاد پر انتقال کی منظوری دینا قانونی تقاضوں اور بورڈ آف ریونیو کی متعلقہ ہدایات کے منافی تھا۔ رپورٹ کے مطابق متعلقہ ریونیو افسر نے انتقال کی کارروائی میں غیر معمولی تاخیر کی، تاخیر کی بابت مطلوبہ قانونی رپورٹ بھی پیش نہیں کی اور متوفی کے ترکہ میں بیٹی کے وراثتی حق کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات نہیں کیے۔انکوائری رپورٹ میں اس طرز عمل کو اختیارات کے ناجائز استعمال اور سنگین محکمانہ بدعنوانی کے زمرے میں شمار کرتے ہوئے متعلقہ افسر کے خلاف کارروائی کی سفارش کی گئی۔ممبر سیکرٹری بورڈ آف ریونیو جنوبی پنجاب نے انکوائری رپورٹ کی سفارشات منظور کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو قانون کے مطابق کارروائی کی ہدایت کی، جس کے نتیجے میں کمشنر کی جانب سے محکمانہ کارروائی اور ڈائریکٹر اینٹی کرپشن بہاولپور کی جانب سے علیحدہ انکوائری شروع کر دی گئی ہے۔ اس طرح معاملہ اب محکمانہ احتساب اور اینٹی کرپشن، دونوں فورمز پر زیر کارروائی ہے۔بورڈ آف ریونیو جنوبی پنجاب کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ شہریوں، بالخصوص خواتین، کے قانونی وراثتی حقوق کا تحفظ، ریونیو ریکارڈ کی شفافیت اور سرکاری افسران کی جواب دہی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ اختیارات کے ناجائز استعمال، قانونی تقاضوں سے انحراف یا شہریوں کے حقوق متاثر کرنے کی شکایت پر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ متعلقہ انکوائریوں کے نتائج کی روشنی میں مزید اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 13

پانچوں نکات پر جامع پیکج کے تحت بیک وقت فیصلے کیے جائیں۔گل قیصر سروانی نے کہا ہے کہ اصلاحات سب کے لیے ہونی چاہئیں اور کسی کو خصوصی مراعات نہیں ملنی چاہئیں۔

بقیہ نمبر 14

ڈیفنس، ریسکیو 1122، محکمہ سکول ایجوکیشن کے نمائندگان، سکولوں اور کالجوں کے طلبہ وطالبات، اساتذہ کرام اور سول سوسائٹی کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔اس موقع پر سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر مجتبیٰ منظور، فلائٹ لیفٹیننٹ مجاہد وسیم درانی، اسسٹنٹ کمشنر شاہ نواز کاٹھیا اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس نوشابہ ملک سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ریلی کے شرکاء نے کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت اور بھارتی مظالم کے خلاف اپنے جذبات کا اظہار کیا۔مقررین نے کہا کہ 27 اکتوبر کشمیری عوام کے لیے ایک سیاہ دن ہے۔اس روز بھارتی افواج نے جموں وکشمیر میں مداخلت کر کے خطے پر تسلط قائم کرنے کی بنیاد رکھی۔ پاکستانی قوم کشمیری عوام کی لازوال قربانیوں اور جدوجہد آزادی کو سلام پیش کرتی ہے۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز محمد زبیر نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم بھارتی قبضے کے خلاف کشمیریوں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی اور حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھی جائے گی۔اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی اقراء مبین نے کہا کہ کشمیری عوام خود کو تنہا نہ سمجھیں، پوری پاکستانی قوم ان کی جدوجہد میں ان کے ساتھ ہے۔ پاکستان کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔انہوں نے کہا کہ بہادر کشمیری عوام بھارتی جبر اور ہتھکنڈوں کو مسترد کرتے ہیں۔سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر پیرا فورس مجتبیٰ منظور نے کہا کہ عالمی برادری نہتے کشمیریوں پر ہونے والے مظالم کا فوری نوٹس لے اور مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس نوشابہ ملک نے کہا کہ آزادی مظلوم کشمیری عوام کا مقدر ہے اور عالمی برادری کو کشمیریوں کے حق خودارادیت کے حصول کے لیے مؤثر اقدامات کرنے چاہئیں۔مقررین نے کہا کہ کشمیری عوام پر بھارتی مظالم اور زندگی کے مختلف شعبوں میں ان کا استحصال عالمی برادری کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت دیا جائے اور ان پر ڈھائے جانے والے مظالم کا سلسلہ بند کرایا جائے۔ریلی کے اختتام پر کشمیری عوام کی آزادی، سلامتی اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ نمبر 15

ریلویز ہیڈکوارٹرز لاہور کی ہدایات کے مطابق آؤٹ سورس ٹرینوں میں بھی قواعد کے مطابق رعایتی ٹکٹ، پاسز اور پی ٹی اوز کی سہولت برقرار رہے گی۔معمر افراد، معذور افراد، صحافیوں، ریلوے ملازمین اور دیگر اہل افراد کو مقررہ قواعد کے مطابق رعایت دی جائے گی۔ٹرین کی روانگی سے 48 گھنٹے پہلے تک رعایتی کوٹے کی سہولت بھی برقرار رہے گی۔نوٹیفکیشن کے مطابق اگر آپ کو جائز رعایت دینے سے انکار کیا جائے تو متعلقہ ریلوے حکام یا پاکستان سٹیزن پورٹل پر شکایت درج کروائیں۔

بقیہ نمبر 16

لی۔ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف دی آرٹس بہاولپور ڈاکٹر ناصر حمید نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کی جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کے حقوق اور ان کی جدوجہد کو اجاگر کرنے کے لیے ایسی تقریبات اہم کردار ادا کرتی ہیں۔تقریب کے دوران یوم سیاہ کشمیر کے حوالے سے تصویری نمائش کا اہتمام کیا گیا، جس میں مقبوضہ کشمیر میں پیش آنے والے واقعات اور کشمیری عوام کی مشکلات کو اجاگر کیا گیا۔اس موقع پر کشمیر کے حوالے سے ایک دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی، جبکہ مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ وطالبات نے ملی نغمے اور خصوصی ٹیبلوز پیش کر کے کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔تقریب میں ممبر اسلامی نظریاتی کونسل ملک اللہ بخش کلیار اور ماہر تعلیم واجد علی چوہدری نے خصوصی شرکت کی۔شرکا نے کشمیری عوام کے ساتھ اپنی وابستگی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے بنیادی حقوق اور حق خودارادیت کی حمایت کے عزم کا اعادہ کیا۔بعدازاں پنجاب کونسل آف دی آرٹس بہاولپور کے زیراہتمام کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی بھی نکالی گئی۔ریلی کے شرکا نے بینرز، پلے کارڈز اور یکجہتی کشمیر کے حوالے سے پوسٹرز اٹھا رکھے تھے۔اس موقع پر کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت اور ان کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 17

ٹیرف سے صارفین پر بوجھ سے متعلق بات کرتے ہوئے عابد شیر علی نے کہا کہ ایک اضافی یونٹ سے 200 سے 201 ہوجائے تو ٹیرف 15 سے 30 روپے یونٹ ہوجاتا ہے، 201 یونٹ استعمال کرنے والا کیسے 400 یونٹ سلیب کا بل دے گا، یونٹ بڑھا کر آپ غریب عوام پر پرچے بنا دیتے ہیں، آپ غریب آدمی کا 6 ماہ خون چوستے ہیں۔عابد شیر علی کے توجہ دلاؤ نوٹس پر اویس لغاری نے کہا کہ 200 سے ایک یونٹ بڑھ جانے پر 6 ماہ تک اضافی چارجز دینے کے معاملے کو ختم کرنے پر کام کر رہے ہیں اور ہو سکتا ہے 200 یونٹس کو 250 یونٹس تک لے جائیں۔انہوں نے کہا کہ 200 سے کم یونٹ استعمال کرنے والوں کی تعداد 2 کروڑ تک پہنچ گئی ہے، 200 یونٹ سے نیچے تمام افراد کو ڈسکاؤنٹ دینا مناسب نہیں کیونکہ اس میں ایسے لوگ بھی شامل ہیں جن کے پاس سولر ہیں اور سولر کے باعث ان کے یونٹس کم ہوتے ہیں۔اویس لغاری کا کہنا تھا کہ جو صارفین غربت کی لکیر کے نیچے ہیں انہیں ایسے ڈسکاونٹ سے مستفید کریں گے۔

بقیہ نمبر 18

میں عراق کے کویت پر حملے کے بعد سے لاپتا کویتی شہریوں کی شناخت اور ان کے انجام کا تعین کرنے کے لیے کوششیں تیز کی جائیں تا کہ کئی دہائیوں سے اپنے پیاروں کے منتظر خاندانوں کو ذہنی سکون مل سکے۔اقوام متحدہ میں پاکستان کے قائم مقام مستقل مندوب عثمان جدون نے سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رپورٹ کے زیر جائزہ عرصے کے دوران کسی نئے لاپتا شخص کی شناخت نہ ہونا باعث تشویش ہے۔انہوں نے کہا کہ 91-1990 کے المناک واقعات کے طویل انسانی اثرات ختم کرنے کے لیے لاپتا کویتی شہریوں اور تیسرے ممالک کے شہریوں کے انجام کا تعین، ان کی باقیات اہل خانہ کے حوالے کرنے اور کویتی املاک کی واپسی کے لیے فوری اقدامات ضروری ہیں۔انہوں نے عراق اور کویت کی جانب سے باہمی احترام کے عزم کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ مثبت پیش رفت لاپتا افراد کی تلاش، املاک اور سرکاری دستاویزات کی واپسی کے عمل کو آگے بڑھانے میں اہم بنیاد ثابت ہوگی۔عثمان جدون نے کہا کہ اپنے پیاروں کے انجام سے آگاہی کے لیے کئی دہائیوں سے منتظر خاندانوں کے لیے ہر قابلِ اعتماد اطلاع نئی امید پیدا کرتی ہے۔ان کے مطابق یہ دیرینہ انسانی مسئلہ ٹھوس اور تیز تر کوششوں کا تقاضا کرتا ہے۔ انہوں نے پیش رفت نہ ہونے پر مایوسی کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ کئی دہائیوں پر محیط تلاش میں مشکلات اور تکنیکی پیچیدگیاں بھی درپیش ہیں۔پاکستانی مندوب نے اس بات پر بھی زور دیا کہ کویتی املاک، بالخصوص قومی آرکائیوز اور تاریخی ریکارڈ کی تلاش اور واپسی کو ترجیح دی جانی چاہیے۔

بقیہ نمبر 19

انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور ریاستی جبر کو اجاگر کرتے ہوئے کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کیا۔مقررین نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ کشمیریوں کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت دلانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔تقریب کی صدارت پرنسپل ڈاکٹر رانا محمد عمران ارشد نے کی، جبکہ شعبہ اردو کے صدر ڈاکٹر غلام یاسین اور شعبہ نفسیات کی صدر پروفیسر شہزرہ نے بطور مہمانان خصوصی شرکت کی۔نظامت کے فرائض ڈاکٹر عشرت نورین نے انجام دیے۔اس موقع پر مقررین نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی جدوجہد میں ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ مقبوضہ وادی میں انسانی حقوق کی پامالیوں کا نوٹس لیا جائے اور کشمیری عوام کو اپنی خواہشات کے مطابق مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دیا جائے۔مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کشمیریوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھی جائے گی۔تقریب کے اختتام پر کالج انتظامیہ، اساتذہ اور طلبہ نے کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی نکالی۔شرکاء نے آزادی کشمیر کے حق میں اور بھارتی مظالم کے خلاف نعرے لگائے، جبکہ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کی حمایت اور ان کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 20

بھارتی اقدامات نے کشمیری عوام کی زندگیوں پر گہرے اثرات مرتب کیے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور ان کی جدوجہد کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت ملنا چاہیے تا کہ وہ اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کر سکیں۔ عالمی برادری کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور مسئلے کے منصفانہ حل کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھارتی اقدامات کو مسترد کرتا ہے اور کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ پاکستان مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل تک کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا رہے گا۔

بقیہ نمبر 21

توہین عدالت کی درخواست بھی نمٹادی گئی۔جسٹس محمد اعظم خان نے شہری وجاہت کی درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار وکیل اور اسسٹنٹ اٹارنی جنرل عدالت میں پیش ہوئے، عدالتی حکم پر عمل درآمد کی رپورٹ پیش کی گئی۔اسسٹنٹ اٹارنی جنرل نے بتایا کہ عدالتی حکم پر عمل درآمد کر دیا گیا ہے، جس پر عدالت نے عدالتی حکم پر عمل درآمد رپورٹ کی بنیاد پر درخواست نمٹادی۔عدالت نے شہری وجاہت کا نام سفری پابندی کی فہرست سے نکالنے کا حکم دیا تھا، عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ ہونے پر شہری نے توہین عدالت درخواست دائر کی تھی۔اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہری کا نام نکالنے کے حکم پر عمل درآمد کے لیے آج تک کی مہلت دی تھی۔

بقیہ نمبر 22

پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ بھٹی ڈائریکٹر سٹوڈنٹ افیئرز پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید رانجھا نے ڈینز پرنسپل افسران کے ہمراہ نئے داخل ہونے والے طلبا وطالبات کو جامعہ میں خوش آمدید کہا۔تقریب میں طلباء و طالبات سے علمی لگن تعلیمی ادارے سے وفاداری حب الوطنی اور اعلیٰ تعلیمی اقدار اور نظم وضبط کی پاسداری کا حلف لیا گیا۔اس موقع پر پبلک سیکٹر جامعات میں طلبہ وطالبات کے لیے اپنی نوعیت کے منفرد چیٹ باٹ آئی یو بی کنکٹ کی بھی ڈیجیٹل لانچنگ کی گئی۔اس ڈیجیٹل پلیٹ فارم سے یونیورسٹی کے ہزاروں طلبہ وطالبات متعلقہ شعبہ جات سے رابطہ کر کے اپنے مسائل کا فوری حل پا سکیں گے۔وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران نے اپنی خطاب میں کہا کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور جنوبی پنجاب کی سب سے بڑی اور تاریخی جامعہ ہے جو شاندار علمی اور تہذیبی روایات کی امین ہے۔یونیورسٹی میں طلباء و طالبات کو اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ساتھ ملکی اور بین الاقوامی مارکیٹ میں مصنوعی ذہانت اور بین الاقوامی زبانوں پر عبور کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔اس سلسلے میں برٹش کونسل کی جانب سے آئیلٹس امتحان کے لیے تربیتی اور امتحانی مرکز قائم کیے جا چکا ہے اور دو بیچ کامیابی سے فارغ التحصیل ہو چکے ہیں۔ وائس چانسلر نے کہا کہ ہمارے طلبہ مصنوعی اور بین الاقوامی زبانوں پر عبور کی بدولت بیرون ملک اعلی تعلیم اور ملازمتوں کے لیے عالمی مسابقتی ماحول میں بہتر انداز سے اپنی جگہ بنا سکیں گے۔پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ بھٹی نے کہا کہ نئے آنے والے طلبا وطالبات نظم وضبط باقاعدہ حاضری اور تدریسی و ہم نصابی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں۔طلبا وطالبات کی کردار سازی اور ان میں اعتماد پیدا کرنے کے لیے سٹوڈنٹ سوسائٹیز موجود ہیں جو ان کو مستقبل کے عملی میدان میں فعال کردار ادا کرنے کے لیے تیار کرتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ جامعہ اسلامیہ بہاولپور مادر علمی ہے اور انہوں نے اپنی اس عظیم جامعہ میں طالب علم سے پروفیسر تک کا سفر محنت اور لگن سے طے کیا اور پرو وائس چانسلر کے مرتبے پر فائز ہوئیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر سٹوڈنٹ افیئرز پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید رانجھا نے طلباو طالبات کو تدریسی و تعلیمی سہولیات کھیلوں کی سہولیات طلباو طالبات سوسائٹیز ٹرانسپورٹ میڈیکل ہاسٹلز اور دیگر سہولتوں سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور واحد یونیورسٹی ہے جو سپیشل طلبہ طالبات کو گھر کی دہلیز سے کلاس روم تک سفری سہولت مہیا کرتی ہے۔اس موقع پر پرفارمنگ آرٹس سوسائٹی کے طلباو طالبات نے ملی نغمے پیش کر کے طلبہ طالبات میں جوش ولولہ پیدا کیا۔تقریب میں شریک طلباو طالبات نے جامعہ میں داخلے اور اعلیٰ تعلیم کے مواقعوں کو ایک بڑی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی ایک گھر کی مانند ہے اور اساتذہ کرام والدین کی طرح تعلیم اور کردار سازی پر توجہ دے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 23

جاری بیان کے مطابق دورے کے دوران وفاقی وزیر داخلہ نے انڈر پاس کے مختلف حصوں، بالخصوص لینٹر اور اطراف کی دیواروں پر جاری کام کا معائنہ کیا اور پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ انڈر پاس کے لینٹر اور دیواروں پر تعمیراتی کام کی رفتار دیکھ کر خوشی ہوئی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ جس تیز رفتاری کے ساتھ کام جاری ہے، اگر یہی تسلسل برقرار رہا تو یہ اہم منصوبہ 30 روز سے بھی کم عرصے کے ریکارڈ وقت میں مکمل کر لیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 24

کاروباری ادارے، تھنک ٹینکس اور ثقافت، سیاحت و نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ پاکستان اور چین مشترکہ مستقبل کی تعمیر، ڈیجیٹل معیشت کے فروغ اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لئے مل کر آگے بڑھتے رہیں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاک چائنا فرینڈ شپ سینٹر میں چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ، پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ ژائی ڈونگ، وفاقی سیکرٹری اطلاعات ونشریات سمیت دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ جب سے وزارت اطلاعات کی ذمہ داریاں سنبھالی ہیں، میڈیا، معلومات کے تبادلے اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر پاک چین تعلقات کا فروغ میری دلی خواہش رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کی سرحدوں کے ساتھ دریا، پہاڑ، ثقافتیں اور روایات بھی مشترک ہیں، یہ پہاڑ اور دریا ہماری دوستی کی علامت اور مشترکہ داستانوں کے امین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین دوستی کی داستانیں درہ خنجراب سے لے کر گوادر، کراچی اور ملک بھر تک پھیلی ہوئی ہیں، ہمارے آباؤاجداد نے پاک چین دوستی کی داستانیں نسل در نسل منتقل کیں۔میری والدہ مجھے بتایا کرتی تھیں کہ جب وہ طالبہ تھیں تو وہ ان طالب علموں میں شامل تھیں جنہوں نے اسلام آباد کی سڑکوں پر ہاتھوں میں چینی پرچم تھام کر عزت مآب چو آین لائی کا استقبال کیا تھا۔میرے دادا جو 1998ء میں پاکستان کے صدر تھے، کو یہ اعزاز حاصل ہوا کہ انہوں نے چین کے اس وقت کے وزیراعظم ژو رونگ جی کا استقبال کیا جب وہ سرکاری دورے پر پاکستان تشریف لائے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ کہانیاں اور روایات ہمارے مشترکہ ورثے کا حصہ ہیں، ہم اس ورثے کو آگے بڑھاتے ہوئے نئی نسلوں تک پہنچائیں گے۔ پاک چین دوستی کو مضبوط بنانا اور نئی نسلوں تک منتقل کرنا ہماری ذمہ داری ہے، یہی وجہ ہے کہ چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ بہت سے ممالک کے درمیان تزویراتی تعلقات ہوتے ہیں اور بہت سے ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات ہوتے ہیں لیکن پاکستانی ہونے کے ناطے ہمیں اس پر بہت فخر ہے کہ ایک لفظ ''باتیے'' پاکستان چین دوستی کی تعریف کرتا ہے جس کا مطلب ہے آہنی دوستی۔پاک چین آہنی دوستی کی یہ منفرد اصطلاح صرف دونوں ممالک کے لئے مخصوص ہے۔عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ صدر شی جن پنگ نے 2015ء میں پاکستان کا دورہ کر کے پاک چین دوستی کو نئی بلندی دی اور سی پیک کا اہم منصوبہ پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا اہم ترین منصوبہ ہے جس نے دہائیوں کی خیرسگالی کو عملی ترقی، توانائی اور بنیادی ڈھانچے میں بدل دیا ہے۔عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ سی پیک نے ان گھروں کو روشن کیا جہاں پہلے اندھیرا چھایا رہتا تھا۔سی پیک نے ہمارے صوبوں میں موٹرویز تعمیر کیں اور گوادر کے ذریعے پاکستان کو عالمی رسائی کا دروازہ فراہم کیا۔درہ خنجراب کے راستے پہلی فائبر آپٹک کیبل نے پاکستان اور چین کو براہ راست جوڑ دیا ہے یہ دنیا کے بلند ترین درے پر روشنی کی ایک خاموش لکیر تھی۔یہ وہ مقام ہے جہاں ہندوکش، ہمالیہ اور قراقرم کے پہاڑی سلسلے ملتے ہیں اور یہی وہ مقام ہے جہاں پاکستان اور چین ایک دوسرے سے ملتے ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ صدر شی جن پنگ نے نواز شریف کی دعوت پر سی پیک کا آغاز کیا تھا، آج سی پیک 2.0 کے تحت وزیراعظم شہباز شریف اور صدر شی جن پنگ نے ترقی، روزگار، جدت، ماحول دوست ترقی اور کشادگی کی راہداریوں کے نئے مرحلے کا خاکہ پیش کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ سی پیک کے پہلے مرحلے نے ہماری زمینوں کو جوڑا، اگلا مرحلہ ہمارے ذہنوں کو جوڑے گا۔وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ یہ انفارمیشن کوریڈور دونوں ممالک کے عوام کے ذہنوں کو ملانے کے لئے پل کا کردار ادا کرے گا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور چار ستونوں پر قائم ہے اور ہر ستون نے اپنا کام شروع کر دیا ہے، پہلا ستون میڈیا ہے، پاکستان اور چین کے 18 میڈیا اداروں پر مشتمل نیوز ایکسچینج ورکنگ گروپ قائم ہے جس میں سرکاری نشریاتی اداروں اور نجی چینلز سے لے کر شنہوا، سی ایم جی اور پیپلز ڈیلی سمیت ادارے شامل ہیں۔عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان اور چین کے میڈیا ادارے باہمی تعاون سے متعلق تصدیق شدہ خبریں ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کرتے ہیں، چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور میں گمراہ کن بیانیوں کی نشاندہی اور ٹھوس حقائق سے ان کے جواب دینے کے لئے مخصوص فیکٹ چیکنگ نظام موجود ہے۔عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کا دوسرا ستون کاروبار اور تجارتی ادارے ہیں، پاکستان اور چین کے ممتاز تجارتی گروپس سے استفادہ کرتے ہوئے اس ستون نے کراچی میں اپنا پہلا علاقائی دفتر کھول دیا ہے جو تجارت، سرمایہ کاری اور براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کا ریکارڈ رکھنے کے لئے ایک تجارتی پورٹل تیار کر رہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ ایک پوڈ کاسٹ سیریز کے ذریعے پاکستان میں چینی کاروباری افراد اور چین میں پاکستانی کاروباری افراد کی کہانیاں بیان کی جا رہی ہیں۔وفاقی وزیر اطلاعات نے چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کے تیسرے ستون تھنک ٹینکس کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تھنک ٹینکس بیانیہ کی تشکیل میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان چائنا انسٹیٹیوٹ کی زیر قیادت اور ہمارے نمایاں تحقیقی اداروں کی شمولیت سے یہ ستون مشترکہ مکالمے، تحقیق اور چینی ہم منصب اداروں کے ساتھ اشاعتوں کے ذریعے دوطرفہ گفتگو میں شواہد اور گہرائی شامل کرے گا۔ چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کے چوتھے ستون کا ذکر کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ یہ ستون ثقافت، سیاحت اور نوجوانوں پر مشتمل ہے جو اس راہداری کا دل ہے۔انہوں نے کہا کہ سکیانگ اور گلگت بلتستان کے درمیان سیاحتی راہداری پر کام جاری ہے جس سے چینی سیاحوں کے سفر کو پاکستان کے شمالی علاقوں کی وادیوں تک توسیع دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ پاک چین دوستی کے یادگاری سال کے موقع پر دوستی ریلی منعقد کی جائے گی۔وفاقی وزیر نے کہا کہ سی پیک یوتھ ایمبیسیڈرز کے پہلے گروپ کے لئے پاکستان بھر کی 13 جامعات سے نوجوانوں کو نامزد کیا گیا ہے، گلگت سے کوئٹہ، پشاور سے کراچی اور مظفرآباد سے لاہور تک کی جامعات اس میں شامل ہیں۔عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ صدر شی جن پنگ نے دنیا کے سامنے ایک وسیع اخلاقی وژن پیش کیا یعنی انسانیت کے مشترکہ مستقبل کی حامل برادری کا تصور ''انسانیت مل کر ترقی کرتی ہے یا مل کر زوال پذیر ہوتی ہے''۔کوئی قوم دوسرے کی بدامنی میں پائیدار تحفظ حاصل نہیں کر سکتی، نہ ہی کوئی قوم کسی دوسرے کی غربت میں پائیدار خوشحالی حاصل کر سکتی ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ہماری تقدیریں ایک دوسرے سے جڑی ہیں، ہمارا مستقبل بھی مل کر تعمیر ہونا چاہئے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی دو مختلف زبانوں، مذاہب اور تاریخوں کے حامل ممالک کی مشترکہ تقدیر کے رشتے میں بندھنے کی مثال ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارے دونوں رہنماؤں وزیراعظم شہباز شریف اور صدر شی جن پنگ نے نئے دور میں پاکستان اور چین کے مشترکہ مستقبل پر مبنی برادری تعمیر کرنے کا عہد کیا ہے، اگر سی پیک ہمارے مشترکہ مستقبل کا جسم ہے تو چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور اس کی آواز ہوگا۔عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ اگر سی پیک ہماری معیشتوں کو جوڑتا ہے تو یہ راہداری ہماری باہمی سمجھ بوجھ کو مربوط کرے گی۔انہوں نے کہا کہ چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور جھوٹ کا جواب حقائق، تنہائی کا جواب تبادلے اور بداعتمادی کا جواب اعتماد سے دے گا۔انہوں نے کہا کہ صدر شی جن پنگ نے عالمی تہذیب کے اقدام کے ذریعے ممالک پر تہذیبوں کے تنوع کا احترام اور عوام کے درمیان باہمی فہم و ادراک گہرا کرنے پر زور دیا ہے۔صدر شی جن پنگ نے ہمیں مشترکہ مستقبل کا وژن دیا، وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کو اس تک پہنچنے کے ذرائع فراہم کئے۔عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستانی آئی ٹی طلبہ کو جدید رجحانات سے آگاہی کے لئے وظائف فراہم کرنے کی تجویز پیش کی، وزیراعظم کے اصرار پر علی بابا گروپ کے چیئرمین نے مصنوعی ذہانت کے ذریعے مفاہمت کی یادداشت کا مسودہ تیار کیا جس پر دورے کے دوران 20 منٹ میں دستخط کر دیئے گئے، علی بابا گروپ کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت پر عمل درآمد جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے لئے ڈیجیٹل انقلاب کا تعلق عوام اور بالخصوص پاکستان کے نوجوانوں سے ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان کی 68 فیصد سے زیادہ آبادی 30 سال سے کم عمر افراد پر مشتمل ہے، نوجوانوں کے ہاتھوں میں لیپ ٹاپ ایک پاسپورٹ ہے اور سمارٹ فون ایک منڈی ہے، پاکستان اپنی صلاحیتوں کے ذریعے عالمی ڈیجیٹل معیشت میں اپنا مقام بنا رہا ہے۔عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ ڈیجیٹل دور میں رابطہ طاقت اور بیانیہ خودمختاری ہے، جو قوم ڈیجیٹل دنیا میں اپنی کہانی خود نہیں سنا سکتی اس کی کہانی دوسرے اس کی طرف سے سنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور بنیادی طور پر ڈیجیٹل راہداری ہے، نیوز ایکسچینج، حقائق کی جانچ، تجارتی پورٹلز، پوڈ کاسٹس، سوشل میڈیا چینلز اور یوتھ ایمبیسیڈرز ڈیجیٹل دور کے ایسے ذرائع ہیں جنہیں ایک دیرینہ اور قابل اعتماد دوستی کے لئے بروئے کار لایا جا رہا ہے۔یہاں بھی پاکستان چین کے ساتھ مل کر آگے بڑھ رہا ہے، فائیو جی، مصنوعی ذہانت، ای کامرس اور سمارٹ شہروں سمیت ڈیجیٹل معیشتوں میں چین کی برتری ہمارے دور کی عظیم کامیابیوں میں سے ایک ہے۔وفاقی وزیر اطلاعات نے چین کے میڈیا اداروں، تھنک ٹینکس، جامعات، کاروباری اداروں اور یوتھ ایمبیسیڈرز کو سی پیک کے ہر ستون میں مکمل شراکت داری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین نے مل کر قراقرم ہائی وے تعمیر کی، بہت سے لوگوں نے دونوں قوموں کو ملانے کے لئے اپنی جانیں قربان کیں، آج ہم ایک مختلف شاہراہ تعمیر کر رہے ہیں جو چٹانوں کی بجائے سچائی سے بنے گی اور ٹرکوں کی بجائے آوازوں کے ذریعے آگے بڑھے گی۔انہوں نے کہا کہ ہمارے آباؤاجداد کی تعمیر کردہ شاہراہ کی طرح چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور بھی قائم و دائم رہے گا۔اس راہداری کے ذریعے پاک چین دوستی کی کہانی ہر گھر اور زبان تک پہنچائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین دوستی اس حقیقت کی زندہ گواہی ہے کہ انسانیت کا مشترکہ مستقبل ایک ایسی تقدیر ہے جسے ہم مل کر تعمیر کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 25

گا۔انہوں نے کہا کہ افتتاح کے بعد قیدیوں کو اس جیل میں منتقل کیا جائے گا۔بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی ممکنہ منتقلی سے متعلق سوال پر وفاقی وزیر داخلہ نے جواب دیا کہ جو قیدی اسلام آباد کا ہوگا، اسے اس جیل میں منتقل کیا جائے گا۔محسن نقوی کا مزید کہنا تھا کہ اسلام آباد ماڈل جیل کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد اس کے افتتاح اور قیدیوں کی منتقلی کے مراحل آگے بڑھائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 26

ذرائع کے مطابق مردان کی بخشالی روڈ 6 سال سے تاخیر کا شکار تھی جسے نئی صوبائی حکومت نے صرف 10 دن میں پایہ؟ تکمیل تک پہنچایا، عوامی مسائل کے حل کے لیے سیاسی نعروں کے بجائے عملی اقدامات اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ضروری ہے۔بخشالی روڈ کی تکمیل خیبر پختونخوا کی نئی صوبائی حکومت کی عوامی سہولیات کی فراہمی پر مرکوز توجہ کی عکاس ہے۔بخشالی روڈ کی تکمیل سے عوام کو سفری سہولت میسر آئیں گی جبکہ شہریوں کی جانب سے منصوبے کی بروقت تکمیل کو سراہا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 27

گرانٹس کی تقسیم کے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر منیجنگ ڈائریکٹر چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی شاہد حسن کلیانی نے کمشنر بہاولپور ڈویژن کو پے آرڈرز کی تقسیم کے طریقہ کار، انتظامی امور اور مستحق افراد کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے بریفنگ دی۔کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے پے آرڈرز کی تقسیم کے لیے قائم کاؤنٹرز کا معائنہ کیا اور وہاں موجود عملے سے انتظامات کے بارے میں دریافت کیا۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے پے آرڈرز وصول کرنے کے لیے آنے والے شہریوں سے بھی ملاقات کی اور ان سے فراہم کردہ سہولیات اور انتظامات کے بارے میں دریافت کیا۔انہوں نے ترقیاتی گرانٹس کی تقسیم کے عمل کو شفاف، منظم اور آسان بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تمام مستحق افراد کو باوقار انداز میں سہولیات فراہم کی جائیں اور تقسیم کے دوران انتظامی امور کو مؤثر رکھا جائے۔انہوں نے ہدایت کی کہ پے آرڈرز وصول کرنے کے لیے آنے والے شہریوں کی سہولت کو ترجیح دی جائے، انتظار کے دوران بیٹھنے کے مناسب انتظامات برقرار رکھے جائیں اور پینے کے صاف پانی سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی دستیابی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے شہریوں کے لیے پینے کے صاف پانی اور بیٹھنے کے تسلی بخش انتظامات پر اطمینان کا اظہار بھی کیا۔کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ ''اپنا کھیت، اپنا روزگار'' پروگرام چولستان کے مستحق خاندانوں کو معاشی طور پر مستحکم بنانے اور ان کے لیے روزگار کے پائیدار مواقع پیدا کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ پروگرام کے تحت ترقیاتی گرانٹس کی فراہمی کا مقصد مستحق خاندانوں کو معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں معاونت فراہم کرنا ہے، لہٰذا اس عمل میں شفافیت، میرٹ اور عوامی سہولت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔دورے کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ریونیو ملک خاور حیات، ڈائریکٹر زراعت اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 28

لائسنس کے اجرا اور پہلے سے موجود لائسنسوں کی تجدید کے خواہشمند ڈیلرز کے لیے تربیت اور درخواستوں کی وصولی کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔خواہشمند افراد لائسنس کے حصول اور تجدید کے لیے درخواستیں مقررہ شیڈول کے مطابق جمع کروائیں۔ شیڈول کے دوسرے مرحلے میں درخواستیں کیم نومبر سے 5 نومبر تک جمع کروائی جا سکتی ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ نئے پیسٹی سائیڈز لائسنس کے حصول کے لیے تربیت کا دورانیہ 7 دن جبکہ پہلے سے موجود لائسنس کی تجدید کے لیے تربیت کا دورانیہ 3 دن مقرر کیا گیا ہے۔تمام متعلقہ ڈیلرز اور لائسنس کے حصول یا تجدید کے خواہشمند افراد مقررہ تاریخوں کے اندر اپنی درخواستیں صرف ای بز پورٹل کے ذریعے آن لائن جمع کروائیں۔ درخواستیں جمع کروانے کے لیے پنجاب حکومت کا ای بز پورٹل https://ebiz.punjab.gov.pk استعمال کیا جا سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ متعلقہ افراد مقررہ شیڈول اور طریقہ کار کے مطابق درخواستیں جمع کروائیں تا کہ لائسنس کے اجرا اور تجدید کے عمل کو بروقت مکمل کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 29

کی دستیابی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔انہوں نے ہسپتال کی فارمیسی کا دورہ کرتے ہوئے ادویات کے اسٹاک اور مریضوں کو ادویات کی فراہمی کے انتظامات کے بارے میں دریافت کیا۔انہوں نے ہدایت کی کہ مریضوں کو تجویز کردہ ادویات کی بروقت دستیابی یقینی بنائی جائے تا کہ انہیں علاج معالجے میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ محمد حامد سے ہسپتال کے انتظامی امور اور طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے بریفنگ بھی لی۔انہوں نے واضح کیا کہ ہسپتال میں علاج معالجے کی سہولیات، صفائی ستھرائی اور انتظامی امور میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ اور طبی عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بروقت طبی امداد فراہم کرنے کے ساتھ ان کے لواحقین سے بھی خوش اخلاقی، احترام اور ہمدردی کے ساتھ پیش آیا جائے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ مریضوں کو علاج معالجے کے لیے صاف ستھرا، محفوظ اور بہتر ماحول فراہم کیا جائے اور طبی سہولیات کے معیار میں بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ادویات کی دستیابی، صفائی کے مؤثر انتظامات اور مریضوں کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تا کہ شہریوں کو سرکاری ہسپتال میں بہتر علاج معالجے کی سہولیات میسر آ سکیں۔

بقیہ نمبر 30

چوک، ملحقہ سڑکوں، فٹ پاتھوں اور گرین بیلٹس کی صفائی کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ صفائی آپریشن کو مزید مؤثر بنایا بنایا جائے اور تمام عوامی مقامات پر صفائی کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سڑکوں، چوکوں اور دیگر عوامی مقامات پر موجود کوڑا کرکٹ فوری طور پر اٹھایا جائے اور اسے مناسب طریقے سے تلف کیا جائے۔ڈپٹی کمشنر نے صفائی عملے کی حاضری، فیلڈ میں موجودگی اور کارکردگی کی مؤثر نگرانی یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر جمع کرنے اور اسے بروقت منتقل کرنے کے عمل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے بازاروں، اہم شاہراہوں اور گنجان آباد علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے انتظامات کی نگرانی کرنے کی بھی ہدایت کی۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ صفائی کے نظام میں غفلت یا کوتاہی کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں کی نشاندہی کر کے ذمہ داری کا تعین کیا جائے اور صفائی آپریشن کو مؤثر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے واضح کیا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر کی صفائی، خوبصورتی اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ترجیحات میں شامل ہے، لہٰذا متعلقہ محکمے اور صفائی عملہ اپنی ذمہ داریاں مستعدی سے انجام دیں اور صفائی کے انتظامات میں تسلسل برقرار رکھیں۔

بقیہ نمبر 31

تھا۔الیکشن کمیشن نے کاز لسٹ جاری کر دی جس کے مطابق خیبر پختونخوا بلدیاتی انتخابات کا فیصلہ کل دوپہر دو بجے سنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 32

کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے کالج کے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور ہدایت کی کہ طلبہ کو بہترین تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ کلاس رومز اور دیگر تدریسی مقامات پر صفائی ستھرائی کا معیار برقرار رکھا جائے۔انہوں نے سائنس لیبارٹری کا بھی دورہ کیا اور تجربات کے لیے ضروری آلات اور سامان کی دستیابی اور فعالیت یقینی بنانے کی ہدایت کی، تا کہ طلبہ کو عملی تعلیم کے بہتر مواقع میسر آ سکیں۔انہوں نے لیبارٹری کے آلات کی مناسب دیکھ بھال پر بھی زور دیا۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ طلبہ کو جدید کمپیوٹرز کی سہولیات فراہم کی جائیں تا کہ تدریسی عمل مؤثر انداز میں جاری رہ سکے۔انہوں نے کالج کے گراؤنڈز اور گرین ایریاز کا جائزہ لیتے ہوئے صفائی ستھرائی بہتر بنانے، غیر ضروری جھاڑیوں کی بروقت صفائی، درختوں کی مناسب کانٹ چھانٹ، نئے پودے لگانے اور سرسبز گھاس اگانے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ کالج کے ماحول کو صاف ستھرا، سرسبز اور خوشگوار بنانے کے لیے گرین ایریاز کی مؤثر دیکھ بھال یقینی بنائی جائے۔ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے ہدایت کی کہ طلبہ کو معیاری تعلیمی ماحول اور بہتر سہولیات کی فراہمی ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائی جائے اور کالج کی مجموعی بہتری کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں، تا کہ طلبہ کو تعلیم وتربیت کے لیے موزوں اور سازگار ماحول میسر آ سکے۔

بقیہ نمبر 33

نے پارک کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے صفائی ستھرائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور پارک کے تمام حصوں کی باقاعدگی سے صفائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ پارک میں سرسبز ماحول کو فروغ دینے، شجر کاری اور لینڈ اسکیپنگ پر خصوصی توجہ دی جائے تا کہ اسے شہریوں کے لیے ایک خوبصورت اور پرکشش تفریحی مقام بنایا جا سکے۔ڈپٹی کمشنر نے پارک کے دفتر کا بھی معائنہ کیا اور دفتری و انتظامی امور کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایات جاری کیں۔انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ پارک کی دیکھ بھال، صفائی اور خوبصورتی کے لیے ذمہ داری اور مستعدی سے فرائض انجام دیے جائیں۔ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے کہا کہ بینگوآر چرڈ پارک کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ اسٹیٹ آف دی آرٹ تفریحی مقام بنانے کے لیے دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔شہریوں کو صاف ستھرا، خوبصورت اور معیاری تفریحی ماحول فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، جس کے لیے پارک کی بہتری اور تزئین و آرائش پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

☆☆☆☆

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ